بلوں کی ادائیگی پر نقد رقم کی واپسی : صارفین کی سہولت کیلئے کے - الیکٹرک کا سیو یوراور ویزا کارڈ کے ساتھ اشتراک

کراچی 11 جنوری 2023:ڈیجیٹل ذرائع سے بلوں کی ادائیگی کو فروغ دینے کے لیے کے الیکٹرک نے عالمی سطح پر ڈیجیٹل ادائگیوں کے صف اول کے پلیٹ فارم   ویزا اور صارفین کو بلوں کی ادائیگی پر کیش بیک فراہم کرنے والے پاکستان کے واحد پلیٹ فارم سیو یور کے ساتھ اشتراک کیا ہے۔ کے الیکٹرک پاور سیکٹر کا اولین اور   واحد ادارہ ہے جس نے ڈیبٹ یا کریڈٹ کارڈ کے ذریعے ڈیجیٹل ادائیگی کرنے والے صارفین کو نقد رقم کی واپسی (کیش بیک) اور رعایت کی سہولت فراہم کی ہے۔

سیویورپاکستان کی پہلی اور واحد کیش بیک ایپ ہے جس میں مختلف نوعیت کے 500 سے زائد برانڈز موجود ہیں جبکہ ویزا ڈیجیٹل لین دین کے لیے دنیا کا دوسرا   بڑا ادائیگی کا گیٹ وے ہے۔یہ خصوصی پیشکش سیویور ایپ پر   ویزا ڈیبٹ اور کریڈٹ کارڈز استعمال کرنے والے کے الیکٹرک کے تمام صارفین کے لیے 28 فروری 2023 تک دستیاب ہے۔ کیش بیکس کا اہل ہونے کے لیے بل کی رقم پر کوئی کم از کم حد مقرر نہیں ہے۔کارروباری دنوں میں صارفین   سیویور پر ڈیجیٹل ادائیگی کے ذریعے مجموعی بل پر 2 فیصد کیش بیک حاصل کر سکتے ہیں۔ویزا ڈیبٹ/کریڈٹ کارڈز پر 4 فیصد کے ساتھ زیا دہ سے زیادہ 1600 روپے کا کیش بیک حاصل کر سکتے ہیں۔۔جبکہ ہفتے کے اختتامی دنوں یعنی ہفتہ اور اتوار کو ادائیگی کی صورت میں 10فیصد،اورزیا دہ سے زیادہ 2100 روپے کا کیش بیک حاصل کر سکتے ہیں۔

کے الیکٹرک صارفین کو ڈیجیٹلائزیشن پر منتقل کرنے کیلئے کوشاں ہیں۔ کے الیکٹرک واحد ادارہ ہے جو کیش بیکس، ڈسکاؤنٹس اور قسطوں میں بلوں کی ادائگیوں   کیلئے کے ای کی ویب سائٹ اور لائیو ایپ کے ذریعے معاونت فراہم کر رہا ہے۔ ان مربوط مشترکہ کوششوں کے باعث کے الیکٹرک نے 10 لاکھ صارفین کو   ڈیجیٹل زرائع سے بلوں کی ادائیگیاں کرنے کا اہم سنگ میل عبور کیا۔

کیش بیک حاصل کرنے کے لیے، صارفین سیو یور ایپ ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں جو انہیں کے الیکٹرک کی ویب سائٹ سے منسلک کرے گی۔ اپنے ویزا ڈیبٹ یا کریڈٹ کارڈز کے ذریعے ادائیگی کرنے پر، کیش بیک کی رقم صارف کے سیو یور والٹ میں منتقل ہو جائے گی۔ جسے صارفین با آسانی سے نکال سکتے ہیں۔

کے الیکٹرک کا تعارف

کے الیکٹرک ایک پبلک لسٹڈ کمپنی ہے، جس کا قیام پاکستان بننے سے قبل 1913 میں عمل میں آیا تھا۔2005 میں کمپنی کی نجکاری کی گئی۔ کے الیکٹرک پاکستان میں واحد عمودی طور پر مربوط یوٹیلیٹی ہے جو کراچی اور اس کے ملحقہ علاقوں سمیت 6500 مربع کلومیٹر علاقے میں بجلی فراہم کرتی ہے۔ کمپنی کے 66.4 فیصد حصص کے الیکٹرک ایس پاور کی ملکیت میں ہیں۔ یہ سرمایہ کاروں کا ایک کنسورشیم ہے، جس میں سعودی عرب کی الجومعہ پاور لمیٹڈ، کویت کا نیشنل انڈسٹریز گروپ (ہولڈنگ) اور انفرااسٹرکچر اینڈ گروتھ کیپٹل فنڈ (آئی جی سی ایف) شامل ہیں)۔ کے الیکٹرک میں حکومت پاکستان کے 24.36 فیصد حصص ہیں۔